سوال:

کیااسلام میں گالی دینا، برابھلا کہنا، دشنام دینااور لعنت کرنا جائز ہے؟

مختصر جواب:

قرآن مجید، روایات اور مسلمانوں کی سیرت کے پیش نظر برابھلا کہنا (گالی دینا) خاص طور پر جھوٹ ہونے کی صورت میں، شرع مقدس اسلام کی نظر میں حرام اور ممنوع ہے، لیکن لعنت کا مسئلہ گالی سے مختلف ہے: لعنت، کسی شخص کے بُرے اعمال سے بیزاری کا اظہار اور اس کے رحمت خدا سے دور ہونے کے لیے دعا کے معنی میں جائز ہے۔ خداوند نے قرآن مجید میں اور پیغمبر اسلام (ص) نے اپنی احادیث میں، بعض گروہوں کے برے اور نا پسند اعمال کی وجہ سے ان پر لعنت کی ہے۔ اسی طرح بعض صحابہ نے بھی، بعض دوسرے صحابہ پر، ان کے بُرے اعمال کی وجہ سے لعنت کی ہے۔

تفصیلی جوابات:

سبّ و شتم، لغت میں گالی، دشنام اور کسی فرد کی اس چیز سے توصیف کرنے کے معنی میں ہے جس سے وہ ذلیل و خوار ہو جائے۔

ابن درید، محمد بن حسن، جمهرة اللغة، ج ۱، ص ۶۹، بیروت، دار العلم للملايين، طبع اول؛ صاحب بن عباد، المحيط فى اللغة، ج ۸، ص ۲۵۴، بیروت، عالم الكتاب، طبع اول، ۱۴۱۴ق؛ لغت‌نامه دهخدا، واژه «سب»؛ فرهنگ لغت عمید، واژه «شتم».

اسلام کی نظر میں سبّ و شتم:

اسلام نے سبّ و شتم کو گالی دینے اور برا بھلا کہنے کے معنی میں منع کیا ہے:

1۔ خداوند متعال کا ارشاد ہے کہ:

اور خبردار! تم لوگ انھیں برا بھلا نہ کہو جن کو یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر پکارتے ہیں کہ اس طرح یہ دشمنی میں بغیر

سمجھے بوجھے خدا کو برا بھلا کہیں گے۔

سوره انعام، آیت ۱۰۸.

2۔پیغمبر اسلام (ص) نے فرمایا ہے کہ:

سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوقٌ،

مسلمان کو دشنام دینا فسق اور گناہ ہے۔

شیخ طوسی، محمد بن حسن، الأمالی، ص ۵۳۷، قم، دار الثقافة، طبع اول، ۱٤۱٤ق؛

شیبانی، أحمد بن محمد، مسند احمد بن حنبل، ج ٦، ص ۱۵۷، بیروت، مؤسسة الرسالة، طبع اول، ۱٤۲۱ق.

3۔جنگ صفین میں جب امیر المؤمنین علی (ع) کو خبر دی گئی کہ آپ (ع) کے بعض صحابی شامیوں کو برا بھلا

کہتے ہیں، تو حضرت (ع) نے انھیں اپنے پاس بلا کر یوں خطاب فرمایا: مجھے پسند نہیں ہے کہ آپ دشنام (گالی)

دینے والے ہوں، لیکن اگران کے کردار کی جانچ کرتے اوران کے حالات پر نظرڈالتے، تو قابل قبول وتوجیہ

تھا۔

سید رضی، محمد بن حسین، نهج البلاغة، محقق، صبحی صالح، خطبه ۲۰۶، ص ۳۲۳، قم، هجرت، طبع اول، ١٤١٤ق.

4۔امام صادق(ع) نے فرمایاہے:رسول خدا(ص) نے فرمایاہے: دشنام دینے والا مؤمن اس شخص کے مانند

ہے جو ہلاکت کے دہانے پر پہنچاہو۔

كلينى، محمد بن يعقوب، الكافى، ج ۲، ص ۳۵۹، تهران، دار الكتب الإسلامية، طبع چهارم، ١٤٠٧ق.

لیکن ہم امام صادق(ع) کی ایک روایت میں پڑھتے ہیں کہ رسول خدا(ص) نے فرمایاہے:

«عَنْ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ(ع) قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ إِذَا رَأَيْتُمْ أَهْلَ الرَّيْبِ وَ الْبِدَعِ مِنْ بَعْدِي فَأَظْهِرُوا الْبَرَاءَةَ مِنْهُمْ وَ أَكْثِرُوا مِنْ سَبِّهِمْ وَ الْقَوْلَ فِيهِمْ وَ الْوَقِيعَةَ وَ بَاهِتُوهُمْ كَيْلَا يَطْمَعُوا فِي الْفَسَادِ فِي الْإِسْلَامِ وَ

يَحْذَرَهُمُ النَّاسُ وَ لَا يَتَعَلَّمُوا مِنْ بِدَعِهِمْ يَكْتُبِ اللَّهُ لَكُمْ بِذَلِكَ الْحَسَنَاتِ وَ يَرْفَعْ لَكُمْ بِهِ الدَّرَجَاتِ فِي الْآخِرَةِ»؛

اگر میرے بعد شک اور بدعت کرنے والوں کو پاؤ گے تو ان سے اپنی بیزاری کا اظہار کرو۔ ان میں سے اکثر کو (کلام حق سے) ذلیل و خوار کرو، ان کی بد گوئی کرو، اور انھیں برہان و دلیل سے خاموش کر دو (تا کہ لوگوں کے دلوں میں شک و شبہہ پیدا نہ کر سکیں اور) اسلام میں فساد پھیلانے کی لالچ نہ کر سکیں اور نتیجہ کے طور پر لوگ ان سے دوری اختیاری کریں اور ان کی بدعتوں سے آلودہ نہ ہو جائیں اور خداوند اس کام کے بدلے میں آپ کے لیے ثواب لکھے گا اور آخرت میں آپ کے درجات کو بلند کرے گا۔

الکافی، ج ۲، ص ۳۷۵.

اس روایت میں سبّ و شتم سے مراد وہ سخت رویہ ہے جو بدعت کرنے والے کو ذلیل و خوار کرے اور اس کے سامنے ایسا کلام کیا جائے کہ جو صحیح اور سچ ہو، نہ وہ کلام جو جھوٹا، دشنام اور گالی ہو۔

سروی مازندرانی، محمد صالح بن احمد، شرح الکافی (الاصول و الروضة)، ج ۱۰، ص ۳٤، تهران، المکتبة الإسلامیة، چاپ اول، ۱۳۸۲ق؛

مجلسی، محمد باقر، بحار الانوار، ج ٧١، ص ٢٠٤، بیروت، دار إحياء التراث العربی، طبع دوم، ١٤٠٣ق.

قدرتی طور پر اگر کچھ افراد دین اسلام کے بر خلاف اقدام کرنا چاہیں اور اس راہ میں کسی اقدام سے فرو گذاشت نہ کریں اور ان کا مقابلہ صرف طبیعی طور پر ممکن نہ ہو تو ان کے ساتھ نفسیاتی جنگ کے اصول کے مطابق مقابلہ کرنا چاہیے اور یہ روایت بھی یہی چیز بیان کرتی ہے۔

اسلام کی نظر میں لعنت:

مسئلہ لعنت، سبّ و شتم سے مختلف ہے۔ لعنت کے معنی خوبی سے دور کرنا ہے۔

زھری، محمد بن احمد، تهذيب اللغة، ج ٢، ص ٢٤٠، بیروت، دار احياء التراث العربی، طبع اول؛

ابن فارس، أحمد، معجم مقاييس اللغة، ج ٥، ص ٣٥٢، قم، مكتب الاعلام الاسلامی، طبع اول، ١٤٠٤ق؛

مصطفوی، حسن، التحقیق فی کلمات القرآن الکریم، ج ۱۰، ص ۲۰۱، بیروت، قاهره، لندن، دار الکتب العلمیة، مرکز نشر آثار علامه مصطفوی، طبع سوم.

اس سلسلہ میں راغب اصفہانی کہتے ہیں:

لعنت کے معنی غضب کے ذریعہ مسترد اور دور کرنا ہے۔ اگر لعنت خداوند متعال کی طرف سے ہو تو آخرت میں عذاب کے معنی میں اور دنیا میں قبول رحمت اور توفیق سے محروم ہونے کے معنی میں ہے، اور اگر انسان کی طرف سے ہو تو دوسرے کو نقصان اور ضرر پہنچانے کے سلسلہ میں دعا و نفرین کی درخواست کے معنی میں ہے۔

راغب اصفهانی، حسین بن محمد، مفردات الفاظ قرآن، ص ۷٤۱، بیروت، دار القلم، طبع اول.

اس بناء پر لعنت کسی شخص کے اعمال سے بیزاری کا اظہار اور اس کے رحمت خدا سے دور ہونے کے لیے دعا کے معنی میں جائز ہے۔

قرآن مجید میں لعنت:

خداوند متعال نے قرآن مجید میں کئی مواقع پر متعدد گرہوں پر لعنت و نفرین کی ہے، جیسے ابلیس پر:

اور تجھ پر قیامت تک میری لعنت ہے۔

سورہ ص، آیت ۷۸.

کافروں پر:

بیشک اللہ نے کفار پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے جہنم کا انتظام کیا ہے۔

سورہ احزاب، آیت ٦٤۔

ظالموں پر:

آگاہ ہو جاؤ کہ ظالمین پر خدا کی لعنت ہے۔

سورہ هود، آیت ۱۸

اور پیغمبر اکرم (ص) کو اذیت و آزار پہنچانے والوں پر قطعاً جو لوگ خدا اور اس کے رسول کو ستاتے ہیں ان پر دنیا و

آخرت میں خدا کی لعنت ہے اور خدا نے ان کے لیے رسوا کن عذاب مہیا کر رکھا ہے۔

پس یہ آیات لعنت کے جائز ہونے پر بنیادی دلیل ہیں۔

احادیث رسول خدا (ص) میں لعنت کا ذکر:

سنت نبوی پر غور و توجہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبر اسلام (ص) نے "لعن" کی عبارت اور اس کے مشتقات کا بہت سے مواقع پر استعمال کیا ہے، حتی بعض خاص افراد کے بارے میں جو بعد میں مسلمان صحابیوں میں شمار ہوتے تھے۔

پیغمبر اسلام (ص) بعض اوقات کلی طور پر لعنت کرتے تھے، چنانچہ مختلف روایتوں میں آیا ہے کہ:

آنحضرت (ص) عورت کی شکل اختیار کرنے والے مرد، مرد کی شباہت اختیار کرنے والی عورت، غیر خدا کے نام سے حیوان کو ذبح کرنے والے شخص، والدین پر لعنت کرنے والے، قوم لوط کا عمل انجام دینے والے اور رشوت لینے والے کے مانند بدکار افراد پر لعنت کرتے تھے۔

ملاحظہ ھو: مسند احمد بن حنبل، ج ٢، ص ٢١٢، ج ٣، ص ٤٤٣ و ٤٥٧، ج ٤، ص ١٢٣ و ج ٥، ص ٨٣.

اس کے علاوہ فرماتے تھے:

خدا شراب پلانے والے بیچنے والے اور خریدار پر لعنت کرے۔

مسند احمد بن حنبل، ج ٥، ص ٧٤. -

اس کے علاوہ فرمایا ہے: خدا لعنت کرے سود دینے، لینے، اس کی قرارداد لکھنے والے اور اس کے گواہوں پر۔

مسند احمد بن حنبل، ج ٢، ص ٦٧.

بعض اوقات پیغمبر اکرم (ص) مشخص اور معین افراد پر بھی لعنت کرتے تھے:

شعبی کہتے ہیں: عبد اللہ ابن زبیر کعبہ سے ٹیک لگایا ہوا تھا۔ اس نے اسی حالت میں کہا: اس گھر کے پروردگار کی قسم، پیغمبر خدا (ص) نے فلانی اور اس کے صلب سے پیدا ہونے والے پر لعنت کی ہے۔

«حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَ هُوَ مُسْتَنِدٌ إِلَى

الْكَعْبَةِ، وَ هُوَ يَقُولُ: وَ رَبِّ هَذِهِ الْكَعْبَةِ، لَقَدْ لَعَنَ رَسُولُ اللَّهِ(ص) فُلَانًا، وَ مَا وُلِدَ مِنْ صُلْبِهِ»؛

عبداللہ ابن زبیر کے اشارہ کیے ہوئے شخص کے بارے میں حاکم نیشاپوری نے اپنی مستدرک کی ایک حدیث

میں یہ شخص حکم ابن عاص اور اس کا بیٹا بتاتے ہوئے لکھا ہے کہ :

رسول خدا(ص) نے حکم ابن عاص اور اس کے بیٹوں پر لعنت کی ہے۔

مسند احمد بن حنبل، ج ٢٦، ص ٥١.

«حَدَّثَنَاهُ ابْنُ نُصَيْرٍ الْخَلَدِيُّ رَحِمَهُ اللَّهُ، ثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَجَّاجِ بْنِ رِشْدِينَ الْمِصْرِيُّ بِمِصْرَ، ثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مَنْصُورٍ الْخُرَاسَانِيُّ، ثنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَوْقَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ(ص) لَعَنَ الْحَكَمَ وَ وَلَدَهُ» هَذَا الْحَدِيثُ صَحِيحُ الْإِسْنَادِ»؛

اس کے علاوہ مروان اور اس کے باپ پر بھی رسول خدا(ص) لعنت کرتے تھے: پیغمبر خدا(ص) نے مروان

کے باپ اور اس کے صلب میں موجود مروان پر لعنت کی ہے۔

نیشابوری، محمد بن عبد الله، المستدرک علی الصحیحین، ج ٤، ص ٥٢٨، بیروت، دار الکتب العلمیة، طبع اول، ١٤١١ق.

«رَسُولُ اللَّهِ(ص) لَعَنَ أَبَا مَرْوَانَ وَ مَرْوَانُ فِي صُلْبِهِ»؛

ایضاً، ج ٤، ص ٥٢٨.

عبداللہ ابن عمر نے کہا ہے کہ:

رسول خدا(ص) نے جنگ احد کے دن یوں نفرین کی تھی:

اللهم العن ابا سفيان۔ ۔ ۔

اللہ کی لعنت ہو ابو سفیان پر۔۔۔۔۔۔

ترمذی، محمد بن عیسی، سنن الترمذی، ج ٥، ص ٢٢٧، مصر، شرکة مکتبة و مطبعة مصطفی البابی الحلبی، طبع دوم، ١٣٩٥ق.

ورأی النبي (ص) أبا سفيان مقبلاً ومعاوية يقوده ويزيد أخو معاوية يسوق به فقال: لعن الله القائد والراكب والسائق

روایت میں ہے کہ: ایک دن رسول خدا(ص) نے دیکھا کہ ابو سفیان سواری پر سوار ہو کر آرہا ہے، یہ دیکھ کر انھوں نے فرمایا: خداوند کی لعنت ہو، اس پر جو سواری کو آگے سے کھینچ رہا ہے (معاویہ) اور جو اس پر سوار ہے (ابو سفیان) اور اس سواری کو پیچھے سے ہانک رہا ہے (یزید معاویہ کا بھائی)۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تاريخ أبي الفداء - أحداث سنة مئتين وثلاثة وثمانون - (٣٠ من ٨٧)

مسند البزار - البحر الزخار - ما أسند سفينة

الهيثمي - مجمع الزوائد ومنبع الفوائد – ج ١ ص ١١٣

الطبري - تاريخ الطبري – ج ٨ – ص ١٨٥

إبن مزاحم المنقري – وقعة صفين – ص ٢١٧

اس کے علاوہ شیعوں کی احادیث کی کتب میں اہل بیت (ع) کے دشمنوں پر لعنت کرنے کے ثواب کے بارے میں بکثرت روایتیں پائی جاتی ہیں۔

بعض صحابہ کے توسط سے بعض دوسرے صحابہ پر لعنت کرنا:

تاریخ میں جستجو کرنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ، بعض صحابی بھی دوسرے صحابیوں پر ان کے بُرے کاموں کی

وجہ سے لعنت کیا کرتے تھے: جیسے:

محمد ابن ابی بکر، معاویہ کے نام ایک خط کے ضمن میں، اس کو اور اس کے باپ کو ملعون اور نفرین شدہ جانتے ہیں

اور اس سے مخاطب ہو کر کہتے ہیں:

تم ملعون اور نفرین شدہ اور نفرین شدہ کا بیٹا ہے! تم نے اور تیرے باپ نے پیغمبر اکرم (ص) کے خلاف ہمیشہ

بغاوت کی ہے اور نور خدا کو بجھانے کی کوشش کی ہے۔

مسعودی، ابو الحسن علی بن الحسین، مروج الذهب و معادن الجوهر، ج ۳، ص ۱۱، قم، دار الهجرة، طبع دوم، ۱٤۰۹ق.

حَکمیت کے واقعہ کے بعد، ابو موسی اشعری نے عمرو عاص سے مخاطب ہو کر کہا:

خداوند متعال تجھ پر لعنت کرے، تم ایک ایسے کتے کی مانند ہو کہ اگر دباؤ میں قرار پائے تو زبان کو منہ سے باہر

نکالتا ہے اور اگر اسے چھوڑ دیا جائے (پھر بھی) زبان کو منہ سے باہر نکالتا ہے۔ عمرو نے کہا: خدا تم پر لعنت

کرے، تم ایک گدھے کی مانند ہو جو کتابیں حمل کرتا ہے۔

مقدسی، مطهر بن طاهر، البدء و التاريخ، ج ٥، ص ٢٢٨، بور سعيد، مكتبة الثقافة الدينية، بی‌تا.

صحابہ کی لعنت کے سلسلے میں بعض اہل سنت کے دلائل:

اہل سنت، تمام صحابہ سے شریعت اور دین لینے کے قائل ہیں اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ قرآن مجید، سنت، اجماع و عقل کے ساتھ صحابہ سے بھی شریعت و دین کو لیا جا سکتا ہے، اور کبھی پیغمبر اکرم (ص) کی سنت کے ساتھ صحابیوں کے عمل کو بھی سنت صحابی کے عنوان سے یاد کرتے ہیں۔

اس سلسلے میں وہ یقین رکھتے ہیں کہ اگر صحابی قابل تنقید ہوں یا ان پر لعنت کی جائے تو دین متزلزل ہوتا ہے،

حالانکہ جس دین کی بنیاد پرورد گار عالم نے اپنے پیغمبر (ص) کے ذریعہ ڈالی ہے اور وعدہ الہی کے مطابق قیامت

کے دن تک باقی ہے، چند افراد پر تنقید سے ہر گز متزلزل نہیں ہو گا۔

اصل میں اہل سنت کا ہدف بعض اپنے خاص صحابہ و خلفاء کو لعنت سے بچانا ہے، اس لیے وہ تمام کے تمام صحابہ کو

لعنت کرنے سے منع کرتے ہیں، حتی اگر ایک صحابی کو خداوند نے قرآن میں لعنت کی ہو اور اگر رسول خدا نے

ایک صحابی کو اپنی زبان سے بھی لعنت کی ہو، لیکن وہ کہتے ہیں کہ ہم کسی کو لعنت نہیں کرتے، یعنی اس مسئلے میں

وہ خدا اور اسکے رسول سے بھی زیادہ سمجھ دار اور دین کا درد رکھنے والے ہیں!!!

اہل سنت اور وہابی ضد میں دین نہ لینے پر آئیں تو امیر المؤمنین علی (ع) جیسی شخصیت سے بھی دین نہیں لیتے اور

اگر دین لینے پر آ جائیں تو یزید سے بھی دین و ایمان لے کر اسکو رسول خدا کا خلیفہ اور امیر المؤمنین کہہ دیتے ہیں

!!!

کتاب شرح المقاصد میں علامہ تفتازانی نے اسی بارے میں کہا ہے کہ:

فإن قيل فمن علماء المذهب من لم يجوز اللعن على يزيد مع علمهم بأنه يستحق ما يربوا على ذلک ويزيد قلنا تحاميا عن أن يرتقى إلى الأعلى فالأعلى كما هو شعار الروافض على ما يروى فى أدعيتهم ويجرى فى أنديتهم ...

علماء میں سے بعض ایسے ہیں کہ جو یزید پر لعنت کرنے کو جائز نہیں جانتے، حالانکہ وہ جانتے ہیں کہ یزید لعنت کا

حق دار ہے،انکی دلیل یہ ہے کہ اگر ہم یزید کے مظالم کی وجہ سے اس پر لعنت کرنے کے دروازے کو کھول دیں

تو،پھر یہ لعنت اسی طرح اوپر جاتی جاتی دوسروں کو بھی شامل ہو جائے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سعد الدين تفتازانى ، شرح المقاصد ، با تحقيق دكتر عبد الرحمن عميره ، ج ۵ ، چاپ عالم الكتب ، ص ۳۱۱

اسی طرح یہ کلام کہ صحابی بھی دین لینے کے لیے قرآن اور سنت کی طرح ایک منبع ہے، قابل قبول نہیں ہے،

غزالی اس بارے میں کہتے ہیں کہ:

جس سے خطااور غلطی سرزد ہونا ممکن ہو اور خطا سے اس کی عصمت ثابت نہ ہو، اس کا کلام حجت نہیں ہے، پس اس کے کلام پر کیسے استناد کیا جاسکتا ہے، جبکہ ممکن ہے اس نے خطا کی ہو؟ کسی متواتر دلیل کے بغیر کیسے ان کے لیے عصمت کا دعوی کیا جاتا ہے اور کیسے ایک ایسی قوم کے بارے میں تصور کیا جاسکتا ہے کہ جن کے بارے میں اختلاف جائز ہے اور یہ کیسے ممکن ہے کہ دو معصومین کے درمیان اختلاف پایا جائے؟ حالانکہ تمام صحابی اتفاق نظر رکھتے ہیں کہ صحابیوں کے ساتھ اختلاف نظر کیا جاسکتا ہے۔

ابو بکر اور عمر کیوں قبول نہیں کرتے کہ کوئی اجتہاد کی بنیاد پر ان کی مخالفت کرے، بلکہ اجتہادی مسائل میں ہر مجتہد پر واجب جانتے ہیں کہ وہ اپنے اجتہاد کی پیروی کرے۔

غزالی، أبو حامد محمد بن محمد، المستصفى، ص ١٦٨، بيروت، دار الكتب العلمية، طبع اول، ١٤١٣ق.

شوکانی نے عنوان "منابع تشریع" پر بظاہر اعتراض کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ حجت نہیں ہے، کیونکہ خداوند متعال نے حضرت محمد (ص) کے علاوہ کسی کو اس امت کے لیے منتخب نہیں کیا ہے اور ہمارے پاس ایک پیغمبر (ص) اور

ایک آسمانی کتاب کے علاوہ کوئی اور چیز نہیں ہے اور ہم سب مامور ہیں کہ خدا کی کتاب اور اس کے پیغمبر (ص) کی سنت کی اطاعت کریں اور اس سلسلہ میں صحابیوں اور دوسرے افراد کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔ تمام لوگ دینی تکالیف اور کتاب و سنت کی پیروی کرنے کے مکلف ہیں۔ پس جو بھی یہ کہے کہ قرآن مجید اور سنت پیغمبر (ص) کے علاوہ کوئی اور چیز دین خدا میں حجت ہے، تو اس نے خدا کے بارے میں غلط بات بتائی ہے۔

شوکانی، محمد بن علي، إرشاد الفحول إلي تحقيق الحق من علم الأصول، ج ٢، ص ١٨٨، بيروت، دار الكتاب العربي، طبع اول، ١٤١٩ق.

بہر حال، جو کچھ حجت ہے، وہ قرآن مجید، سنت رسول خدا (ص) واہل بیت (ع) ہے، اور صحابہ کا کلام اگر پیغمبر خدا (ص) سے استناد نہ ہو تو قطعاً حجت نہیں ہے۔

نتیجہ گیری:

قرآن مجید، روایات اور مسلمانوں کی سیرت کے پیش نظر شرع مقدس اسلام کے مطابق سبّ و شتم حرام اور ممنوع ہے، لیکن لعنت، برا بھلا کہنے کے بر خلاف نہ صرف بعض مواقع پر جائز ہے بلکہ اجتماعی لحاظ سے ضروری بھی ہے۔

دوسروں پر ناحق لعنت بھیجنے اور تکفیر کا حکم اور اس کے نتائج کیا ہیں؟

مختصر جواب:

ہماری دینی تعلیمات میں دوسروں پر ناحق لعن و تکفیر کرنے کی ممانعت کے علاوہ، دین اسلام نے کسی کو اس کی اجازت نہیں دی ہے، ہمارے دینی پیشواوں کی کچھ روایتیں بھی پائی جاتی ہیں، جن میں کہا گیا ہے کہ :

اگر کوئی شخص کسی پر لعنت بھیجے اور وہ شخص لعنت کا مستحق نہ ہو، تو یہ لعنت خود لعنت کرنے والے کی طرف پلٹ جاتی ہے۔

تفصیلی جوابات:

۱-دوسروں پر لعنت بھیجنا اور نفرین و تکفیر کرنا اور بُرا بھلا کہنا، جبکہ طرف مقابل تکفیر و لعنت وغیرہ کا مستحق نہ ہو، قدرتی ہے ایسے کام کی شرع مقدس اسلام اور دینی تعلیمات میں ممانعت کی گئی ہے اور ایسے شخص کے لیے عذاب اخروی بھی ہے۔ یہ مسئلہ نہ صرف اسلام کی نظر میں قابل قبول نہیں ہے، جس کے احکام حکمت و مصلحت کی بناء پر ہیں، بلکہ کوئی انسان اور غیر الٰہی قانون بھی اس کی اجازت نہیں دیتا ہے اور انسانوں کو اس کی اجازت نہیں ہے کہ دوسرے باشندوں کے ذاتی معاملات میں مداخلت کریں، بلکہ ایسا کام کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی بھی کی جاتی ہے۔

۲-اسلامی تعلیمات ہمیں سکھاتی ہیں کہ باایمان انسان، نہ صرف ان چیزوں کو زبان پر جاری نہیں کرتے ہیں، جو گناہ ہوں اور کسی کی حق تلفی ہوں، بلکہ ان باتوں کو بھی زبان پر جاری نہیں کرتے ہیں، جو گناہ اور منفی نہیں ہیں اور اصطلاح میں انہیں لغو کہتے ہیں۔ قرآن مجید اس سلسلہ میں ارشاد فرماتا ہے:

یقیناً صاحب ایمان کامیاب ہوگئے اور لغو باتوں سے اعراض کرنے والے ہیں۔

سورہ مؤمنون آیت ۱،۲

حقیقت میں لغو، بعض مفسرین کے بقول ہر وہ گفتار و عمل ہے کہ جس کا قابل ملاحظہ فائدہ نہ ہو۔

مکارم، ناصر، تفسیر نمونه، ج١٤، ص ١٩٥، دارالکتب الاسلامیة، تهران، ١٣٧٢ش.

یہ آیت فرمارہی ہے کہ در حقیقت مؤمنین ایسے تربیت یافتہ ہوتے ہیں کہ نہ صرف باطل تصورات اور بے بنیاد باتوں اور بیہودہ کام انجام نہیں دیتے ہیں، بلکہ قرآن مجید کی تعبیر میں ان سے پرہیز کرتے ہیں، دوسروں کو لعن و تکفیر کرنے کی بات ہی نہیں۔

۳- ہماری دینی تعلیمات مین اس قسم کے کاموں کی ممانعت کے علاوہ، دینی پیشواوں کی ایسی روایتیں بھی پائی جاتی ہیں، جن میں کہا گیا ہے کہ: اگر کوئی کسی پر لعنت بھیجے اور وہ شخص لعنت کا مستحق نہ ہو تو یہ لعنت، اسی لعنت کرنے والے کی طرف پلٹتی ہے:

وَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ رَجُلٌ الرِّيحَ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ (ص) فَقَالَ لَا تَلْعَنِ الرِّيحَ فَإِنَّهَا مَأْمُورَةٌ وَ إِنَّهُ مَنْ لَعَنَ شَيْئاً لَيْسَ لَهُ بِأَهْلٍ رَجَعَتِ اللَّعْنَةُ عَلَيْهِ،

ایک شخص نے رسول خدا(ص) کے سامنے ہوا پر لعنت بھیجی، رسول خدا(ص) نے فرمایا: ہوا پر لعنت نہ بھیجو، کیونکہ وہ خدا کی طرف سے مامور ہے اور بیشک جو کسی پر لعنت کرے اور وہ مستحق لعنت نہ ہو، تو وہ لعنت، لعنت کرنے والے کی طرف پلٹتی ہے۔

کلینی، کافی، ج ۸، ص ٦٩، دارالکتب الاسلامیة، تہران، ١٣٦٨ش.

اس روایت سے واضح ہے کہ ہوا پر لعنت کی گئی ہے اور اس کے خلاف برا بھلا کہا گیا ہے، نہ کہ انسان پر کہ جس کا احترام خانہ کعبہ کے احترام کے مانند ہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انسان کو اپنے کردار و گفتار کے بارے میں ہوشیار رہنا چاہیے اور کسی دلیل اور شرعی حجت کے بغیر کسی کام کا اقدام نہ کریں۔

۴-البتہ اس نکتہ کی طرف یاد دہانی کرنا ضروری ہے کہ اولیائے الٰہی کو اذیت پہنچانے والوں پر لعنت کرنا، نہ صرف جائز ہے بلکہ اس کی ترجیح بھی ہے، لیکن جو کچھ بیان کیا گیا، مذکورہ سوال کے پیش نظر، ان افراد کے بارے میں ہے جو ناحق دوسروں پر لعنت بھیجتے ہیں اور تکفیر کرتے ہیں اور مختلف شخصیتوں کو چیلنج کرتے ہیں، نہ کہ ان لوگوں پر جنھوں نے انبیاء واولیائے الٰہی کو اذیت پہنچائی ہے کہ ان پر خدااور لعنت کرنے والوں کی لعنت ہے۔

اس سلسلہ میں ارشادالٰہی ہے:

جو لوگ ہمارے نازل کیے ہوئے واضح بیانات اور ہدایات کو ہمارے بیان کر دینے کے بعد بھی چھپاتے ہیں اور ان پر اللہ بھی لعنت کرتا ہے اور تمام لعنت کرنے والے بھی لعنت کرتے ہیں۔

سورہ بقرہ، آیت ۱۵۹.

سوال:

کیا آئمہ اطہار (ع) کی طرف سے کوئی ایسی روایت نقل کی گئی ہے، جس کے مطابق معلوم ہو جائے کہ اہل بیت (ع) کے دشمنوں پر لعنت بھیجنے کا ثواب ہے ؟

مختصر جواب:

شیعوں کی احادیث کی کتب میں اہل بیت (ع) کے دشمنوں پر لعنت بھیجنے کے ثواب سے متعلق کثرت سے روایات ملتی ہیں۔امام رضا (ع) نے شبیب بن ریان سے فرمایا:

اگر تم امام حسین (ع) کے ساتھ شہید ہونے والے اصحاب کا ثواب حاصل کرنا چاہتے ہو، اور بہشت میں پیغمبر اکرم (ص) کے ساتھ ساکن ہونا چاہتے ہو،۔۔۔ تو جب بھی امام حسین (ع) کو یاد کرو تو، ان کے قاتلوں پر لعنت بھیجا کرو۔

اس کے علاوہ داؤد ابن کثیر رقی کہتے ہیں کہ :

میں امام صادق (ع) کی خدمت میں تھا، امام (ع) نے پانی مانگا اور جوں ہی پانی پی لیا تو رونے لگے اور ان کی آنکھوں میں آنسو جاری ہوئے۔ اس کے بعد فرمایا:

اے داؤد خدا قاتلان حسین (ع) پر لعنت کرے۔

کتاب کامل الزیارات میں ایک باب ہے، جس کا نام " پانی پیتے ہوئے امام حسین (ع) کی یاد کرنے اور ان کے قاتلوں پر لعنت بھیجنے والے کے ثواب ہے۔ "

تفصیلی جوابات:

شیعوں کی احادیث کی کتابوں میں اہل بیت (ع) کے دشمنوں پر لعنت بھیجنے کے ثواب سے متعلق کثرت سے روایتیں ملتی ہیں۔ یہاں پر ہم ان روایتوں میں سے صرف دو نمونوں کی طرف اشارہ کرنے پر اکتفاء کرتے ہیں:

١- حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّزَّازُ الْكُوفِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنِ الْخَشَّابِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حَسَّانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ دَاوُدَ الرَّقِّيِّ: قَالَ كُنْتُ عِنْدَ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ (ع) إِذَا اسْتَسْقَى الْمَاءَ فَلَمَّا شَرِبَهُ رَأَيْتُهُ قَدِ اسْتَعْبَرَ وَ اغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ بِدُمُوعِهِ ثُمَّ قَالَ لِي يَا دَاوُدُ لَعَنَ اللَّهُ قَاتِلَ الْحُسَيْنِ ع فَمَا مِنْ عَبْدٍ شَرِبَ الْمَاءَ فَذَكَرَ الْحُسَيْنَ ع وَ لَعَنَ قَاتِلَهُ إِلَّا كَتَبَ اللَّهُ لَهُ مِائَةَ أَلْفِ حَسَنَةٍ وَ حَطَّ عَنْهُ مِائَةَ أَلْفِ سَيِّئَةٍ وَ رَفَعَ لَهُ مِائَةَ أَلْفِ دَرَجَةٍ وَ كَأَنَّمَا أَعْتَقَ مِائَةَ أَلْفِ نَسَمَةٍ وَ حَشَرَهُ اللَّهُ،

داؤد ابن کثیر کہتے ہیں کہ: میں امام صادق (ع) کی خدمت میں تھا، امام (ع) نے پانی مانگا، جب پانی پی لیا، تو گریہ وزاری کی اور آپ (ع) کی آنکھوں میں آنسو جاری ہوئے اور اس کے بعد فرمایا:

اے داؤد خدا حسین (ع) کے قاتلوں پر لعنت بھیجے، کوئی ایسا بندہ نہیں ہے کہ جو پانی پیتے وقت حسین (ع) کو یاد نہ کرے اور ان کے قاتلوں پر لعنت نہ بھیجے، اس کے لیے خداوند متعال ایک لاکھ ثواب درج کرتا ہے، اور اس کے ایک لاکھ گناہ بخش دیتا ہے۔ اس کے لیے ایک لاکھ درجات بلند کرتا ہے، گویا اس نے ایک لاکھ بندے آزاد کیے ہیں اور قیامت کے دن نورانی چہرے کے ساتھ محشور ہو گا۔

قابل بیان ہے کہ کتاب کامل الزیارات میں ایک باب ہے، جس کا نام پانی پیتے ہوئے امام حسین (ع) کو یاد کرنے اور ان کے قاتلوں پر لعنت بھیجنے والے کے ثواب کے بارے میں ہے۔

ابن قولويه قمى، كامل الزيارات، ص ۱۰۷، الباب الرابع و الثلاثون ثواب من شرب الماء و ذكر الحسين (ع) و لعن قاتله، مرتضوى، طبع اول، نجف، ۱۳۵٦ق.

٢- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ مَاجِيلَوَيْهِ رَحِمَهُ اللَّهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الرَّيَّانِ بْنِ شَبِيبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى الرِّضَا ع فِي أَوَّلِ يَوْمٍ مِنَ الْمُحَرَّمِ- فَقَالَ لِي يَا ابْنَ شَبِيبٍ أَ

صَائِمٌ أَنْتَ فَقُلْتُ لَا فَقَالَ إِنَّ هَذَا الْيَوْمَ هُوَ الْيَوْمُ الَّذِي دَعَا فِيهِ زَكَرِيَّا ع رَبَّهُ عَزَّ وَ جَلَّ فَقَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعاءِ فَاسْتَجَابَ اللَّهُ لَهُ وَ أَمَرَ الْمَلَائِكَةَ فَنَادَتْ زَكَرِيَّا وَ هُوَ قائِمٌ يُصَلِّي فِي الْمِحْرابِ أَنَّ اللَّهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيى فَمَنْ صَامَ هَذَا الْيَوْمَ ثُمَّ دَعَا اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ اسْتَجَابَ اللَّهُ لَهُ كَمَا اسْتَجَابَ لِزَكَرِيَّا ع ثُمَّ قَالَ يَا ابْنَ شَبِيبٍ إِنَّ الْمُحَرَّمَ هُوَ الشَّهْرُ الَّذِي كَانَ أَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ فِيمَا مَضَى يُحَرِّمُونَ فِيهِ الظُّلْمَ وَ الْقِتَالَ لِحُرْمَتِهِ فَمَا عَرَفَتْ هَذِهِ الْأُمَّةُ حُرْمَةَ شَهْرِهَا وَ لَا حُرْمَةَ نَبِيِّهَا ص لَقَدْ قَتَلُوا فِي هَذَا الشَّهْرِ ذُرِّيَّتَهُ وَ سَبَوْا نِسَاءَهُ وَ انْتَهَبُوا ثَقَلَهُ فَلَا غَفَرَ اللَّهُ لَهُمْ ذَلِكَ أَبَداً يَا ابْنَ شَبِيبٍ إِنْ كُنْتَ بَاكِياً لِشَيْءٍ فَابْكِ لِلْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ ع فَإِنَّهُ ذُبِحَ كَمَا يُذْبَحُ الْكَبْشُ وَ قُتِلَ مَعَهُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ رَجُلًا مَا لَهُمْ فِي الْأَرْضِ شَبِيهُونَ وَ لَقَدْ بَكَتِ السَّمَاوَاتُ السَّبْعُ وَ الْأَرَضُونَ لِقَتْلِهِ وَ لَقَدْ نَزَلَ إِلَى الْأَرْضِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ أَرْبَعَةُ آلَافٍ

لِنَصْرِهِ فَوَجَدُوهُ قَدْ قُتِلَ فَهُمْ عِنْدَ قَبْرِهِ شُعْثٌ غُبْرٌ إِلَى أَنْ يَقُومَ الْقَائِمُ فَيَكُونُونَ مِنْ أَنْصَارِهِ وَ شِعَارُهُمْ يَا لَثَارَاتِ الْحُسَيْنِ يَا ابْنَ شَبِيبٍ لَقَدْ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ ع أَنَّهُ لَمَّا قُتِلَ الْحُسَيْنُ جَدِّي ص مَطَرَتِ السَّمَاءُ دَماً وَ تُرَاباً أَحْمَرَ يَا ابْنَ شَبِيبٍ إِنْ بَكَيْتَ عَلَى الْحُسَيْنِ ع حَتَّى تَصِيرَ دُمُوعُكَ عَلَى خَدَّيْكَ غَفَرَ اللَّهُ لَكَ كُلَّ ذَنْبٍ أَذْنَبْتَهُ صَغِيراً كَانَ أَوْ كَبِيراً قَلِيلًا كَانَ أَوْ كَثِيراً يَا ابْنَ شَبِيبٍ إِنْ سَرَّكَ أَنْ تَلْقَى اللَّهَ عَزَّ وَ جَلَّ وَ لَا ذَنْبَ عَلَيْكَ فَزُرِ الْحُسَيْنَ ع يَا ابْنَ شَبِيبٍ إِنْ سَرَّكَ أَنْ تَسْكُنَ الْغُرَفَ الْمَبْنِيَّةَ فِي الْجَنَّةِ مَعَ النَّبِيِّ وَ آلِهِ ص فَالْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَيْنِ يَا ابْنَ شَبِيبٍ إِنْ سَرَّكَ أَنْ تَكُونَ لَكَ مِنَ الثَّوَابِ مِثْلَ مَا لِمَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ الْحُسَيْنِ ع فَقُلْ مَتَى مَا ذَكَرْتَهُ يَا لَيْتَنِي كُنْتُ مَعَهُمْ فَأَفُوزَ فَوْزاً عَظِيماً يَا ابْنَ شَبِيبٍ إِنْ سَرَّكَ أَنْ تَكُونَ مَعَنَا فِي الدَّرَجَاتِ الْعُلَى مِنَ الْجِنَانِ فَاحْزَنْ لِحُزْنِنَا وَ افْرَحْ

لِفَرَحِنَا وَ عَلَيْكَ بِوَلَايَتِنَا فَلَوْ أَنَّ رَجُلًا تَوَلَّى حَجَراً لَحَشَرَهُ اللَّهُ مَعَهُ يَوْمَ الْقِيَامَة،

ریان ابن شبیب کہتے ہیں: میں ماہ محرم کی پہلی تاریخ کو امام رضا(ع) کی خدمت میں حاضر ہوا۔ آپ(ع) نے مجھ سے فرمایا: اے ابن شبیب کیا روزے سے ہو؟ میں نے کہا: نہیں، فرمایا: آج وہ دن ہے، جس دن حضرت زکریا(ع) نے اپنے پروردگار سے دعا مانگی اور کہا کہ مجھے ایک پاک نسل عطا کرنا، کیونکہ تو دعا کو سننے والا ہے۔ خداوند نے ان کی دعا قبول کی اور فرشتوں کو حکم دیا کہ محراب عبادت میں مشغول زکریا کو کہدیں کہ: خداوند متعال تجھے یحیی کی بشارت دیتا ہے۔ جو شخص آج کے دن روزہ رکھے اور اس کے بعد بارگاہ الہی میں دعا کرے، خداوند متعال اس کی دعا کو قبول فرماتا ہے، جیسے حضرت زکریا کی دعا کو قبول کیا۔ اس کے بعد فرمایا:

اے ابن شبیب بیشک محرم وہ مہینہ ہے، کہ ماضی میں دور جاہلیت کے لوگ بھی اس مہینہ کے احترام میں قتل و غارت کو حرام جانتے تھے، لیکن اس امت نے نہ اس مہینہ کا احترام کیا اور نہ ہی پیغمبر اکرم(ص) کا احترام کیا۔

اس مہینے میں پیغمبر اکرم (ص) کی اولاد کو قتل کیا گیا اور ان کی خواتین کو اسیر بنایا گیا اور ان کے مال کو لوٹ لیا گیا۔

خدا ان کے اس گناہ کو ہر گز نہیں بخش دے گا۔

اے ابن شبیب: اگر کسی چیز کے لیے گریہ وزاری کرنا چاہتے ہو، تو حسین (ع) کے لیے گریہ وزاری کرنا کیونکہ گوسفند کے مانند ان کے بدن سے سر کو جدا کیا گیا اور آپ (ع) کے خاندان کے اٹھارہ افراد کو شہید کیا گیا، جو زمین پر بے مثال تھے۔ سات آسمانوں اور زمین نے ان کے لیے گریہ کیا، آپ (ع) کی مدد کے لیے چار ہزار فرشتے زمین پر اترے اور دیکھا کہ امام حسین (ع) قتل کر دیئے گئے ہیں۔ یہ فرشتے آپ (ع) کی قبر پر پریشان اور خاک آلودہ ہیں اور قائم آل محمد (عج) کے ظہور تک اسی حالت میں رہیں گے۔۔۔ان کا نعرہ "یالثارات الحسین" ہے۔

اے شبیب کے بیٹے میرے باپ نے اپنے باپ سے اور انھوں نے اپنے جد امجد سے سنا ہے کہ: جب میرے جد امام حسین (ع) قتل کیے گئے آسمان سے خون اور سرخ مٹی کی بارش ہوئی۔

اے شبیب کے بیٹے: اگر حسین (ع) پر گریہ وزاری کروگے یہاں تک کہ آپ کی انکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں، خداوند متعال آپ کے تمام چھوٹے بڑے گناہوں کو بخش دے گا۔

اے شبیب کے بیٹے، اگر تم خدا سے ملاقات کرنا چاہتے ہو اور گناہوں سے پاک ہونا چاہتے ہو تو حسین (ع) کی زیارت کرنا۔

اے شبیب کے بیٹے، اگر بہشت میں پیغمبر اکرم (ص) کے ساتھ حجرے میں ساکن ہونا چاہتے ہو، تو حسین (ع) کے قاتلوں پر لعنت بھیجا کرو۔

اے شبیب کے بیٹے، اگر امام حسین (ع) کے ساتھ شہید ہونے والے اصحاب کا ثواب حاصل کرنا چاہتے ہو تو، جب بھی حسین (ع) کی یاد آئے، کہنا کہ کاش، میں بھی ان کے ساتھ ہوتا اور عظیم درجہ پر فائز ہوتا۔

اے ابن شبیب، اگر ہمارے ساتھ بہشت کے بلند درجوں میں رہنا چاہتے ہو، تو ہمارے غم میں مغموم اور ہماری خوشی میں شاد و خوشحال ہوا کرو اور ہماری ولایت سے ملحق ہو جاؤ۔۔۔

ابن قولویه قمی، کامل الزیارات، ص ۱۰۷، الباب الرابع و الثلاثون ثواب من شرب الماء و ذکر الحسین (ع) و لعن قاتله، مرتضوی، طبع اول، نجف، ۱۳۵۶ق.

لعنت سے کیا مراد ہے؟

لفظ لعنت عربی زبان کا اسم مؤنث ہے۔ جس کے معنی پھٹکار، نفرتیں، سرزش، دھتکار، سخت سست اور برا بھلا کے ہیں۔

فیروز الدین، فیروز اللغات : ۱۱۵، فیروز سنز لاہور راولپنڈی۔ کراچی

لفظ لعنت اپنے مصدر و مشتقّات کے ساتھ ۴۱ مقامات پر قرآن کریم میں ذکر ہوا ہے اور ان میں سے بہت سے مقام پر لعنت کی نسبت خود خداوند کی طرف دی گئی ہے۔ لفظ لعن کے مقابلے پر لفظ سبّ (گالی دینا) ہے کہ جو فقط ایک مرتبہ قرآن کریم میں ذکر ہوا ہے اور سبّ دینے سے منع کیا گیا ہے۔

سبّ در قرآن:

وَلَا تَسُبُّوا الَّذِينَ يَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ فَيَسُبُّوا اللَّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ،

اور جن کی یہ اللہ کے سواپرستش کرتے ہیں انہیں برانہ کہو ورنہ وہ بے سمجھی میں زیادتی کر کے اللہ کو برا کہیں

گے۔

سورہ انعام آیت ١٠٨

قرآن کی نگاہ میں کن کن نے لعنت کی ہے:

قرآن کی نگاہ میں چند گرہوں نے لعنت کی ہے:

خداوند:

١- بَلْ لَعَنَهُمُ اللَّهُ بِكُفْرِهِمْ،

اور یہودیوں نے کہا: ہمارے دلوں پر غلاف ہیں،(ایسا نہیں) بلکہ ان کے کفر کے باعث اللہ نے ان پر لعنت کر

دی ہے،

سوره بقره آیه ۸۸

۲- فَلَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ،

پس کافروں پر اللہ کی لعنت ہے۔

سوره بقره آیه۸۹

۳- إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَى مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ أُولَئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللَّهُ ...

بیشک جو لوگ ہماری نازل کردہ کھلی نشانیوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں اس کے بعد کہ ہم نے اسے لوگوں کے لیے (اپنی) کتاب میں واضح کردیا ہے تو انہی لوگوں پر اللہ لعنت بھیجتا ہے (یعنی انہیں اپنی رحمت سے دور کرتا ہے) اور لعنت بھیجنے والے بھی ان پر لعنت بھیجتے ہیں،

سوره بقره آیه ۱۵۹

٤- إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ أُولَئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللَّهِ ...

بیشک جنھوں نے (حق کو چھپا کر) کفر کیا اور اس حال میں مرے کہ وہ کافر ہی تھے ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی

اور سب لوگوں کی لعنت ہے،

سوره بقره آیه ١٦١

٥- فَمَنْ حَاجَّكَ فِيهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ أَبْنَاءَنَا وَأَبْنَاءَكُمْ وَنِسَاءَنَا وَنِسَاءَكُمْ وَأَنْفُسَنَا وَأَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَعْنَةَ اللَّهِ عَلَى الْكَاذِبِينَ،

پھر جو کوئی تجھ سے اس واقعہ میں جھگڑے بعد اس کے کہ تیرے پاس صحیح علم آچکا ہے تو کہہ دے کہ آؤ ہم اپنے

